# CENTRE FOR EDUCATIONAL DEVELOPMENT OF MINORITIES

**OSMANIA UNIVERSITY**

*Minority Welfare Department, Government of Telangana*

**Nizam College Campus, Gunfoundry, Hyderabad – 500 001.**

## TG TET – 2024 – II
## Free Coaching Programme

**Marks / Questions: 150** | **MODEL TEST** | **Duration: 2 Hours 30 Minutes**

**PAPER – II MATHEMATICS & SCIENCE (URDU MEDIUM)**

### CHILD DEVELOPMENT & PEDAGOGY

1. حسب ذیل میں سے ایک نشو نما کا اصول غلط ہے

(1) نشو نما کا عمل مسلسل جاری رہتا ہے
(2) نشو نما کی پیش گوئی ممکن
(3) نشو نما میں انفرادی تفرقات ہوتے ہیں
(4) نشانما اتفاقات کا نتیجہ ہوتا ہے

2. وہ کھیل جس میں بچے ایک دوسرے کے بازو کھیلتے ہیں لیکن ان کے ساتھ نہیں کھیلتے۔

(1) معاون کھیل Cooperative play
(2) مشترکہ کھیل Collaborative play
(3) تنہا کھیل Solitary play
(4) متوازی کھیل Parallel
play

3. "Objective Performance" کا تعلق اس درجے سے ہے

(1) حسی و حرکی درجہ sensory operational stage
(2) ما قبل تفاعلی درجہ pre-operational stage
(3) مقرون عملیات concrete operational stage
(4) رسمی عملیات formal operational stage

4. کوہلبرگ کے مطابق اخلاقی نشو نما کا وہ مرحلہ جس کے دوران لوگ سماجی قوانین / اصولوں کے مطابق برتاؤ کرتے ہیں، کہلاتا ہے۔

(1) ما قبل رواج سطح pre conventional level
(2) رواجی سطح conventional level
(3) مابعد رواج سطح post conventional level
(4) رسمی عملیات formal operation level

5. نوم چامسکی نے اس نظریہ کو پیش کیا۔

(1) ذہنی و سماجی نشو نما mental & social development
(2) اخلاقی نشو نما moral development
(3) لسانی نشو نما language development
(4) ابتدائی اخلاقی نشو نما pre-moral development

6. ذیل کا ایک بحران یا تنازعہ conflict or crisis زبانی وحسی مرحلہ Oral Sensory stage سے تعلق رکھتا ہے۔

(1) اعتماد بمقابلہ عدم اعتماد trust vs mistruct (2) خود مختاری بمقابلہ شرم autonomy vs shame

(3) پہل بمقابلہ احساس جرم initiative vs guilt (4) دیانت داری بمقابلہ مایوسی integrity vs despair

7. اس ماہر نفسیات نے کہا کہ "بلوغیت شدید تناؤ اور ہیجان کا دور ہے۔

(1) پیاجے (2) کوہلبرگ (3) اسٹینلی ہال (4) اکیمیں .

8. تھارن ڈائک کے مطابق حروف تہجی 'اعداد' ' علامت' تصاویر جیسے امور کو سمجھتے ہوئے ان کے معنی و مفہوم بیان کرنے کی قوت کہلاتی ہے۔

(1) عمرِ مجرد ذہانت abstract intelligence (2) میکانیکی ذہانت mechanical intelligence

(3) سماجی ذہانت social intelligence (4) اخلاقی ذہانت moral intelligence

9. "Hereditary genius" نامی کتاب کے مصنف ہیں

(1) تھارن ڈائک (2) فرانس گالٹن (3) ارسطو (4) پاؤلوف

10. عارف اچھا رینک حاصل کرنے کیلئے منصوبہ بندی سے پڑھتا ہے اس کا یہ محرکہ کہلاتا ہے۔

(1) فطری محرکہ (2) غیر ارادی محرکہ (3) اندرونی محرکہ (4) بیرونی محرکہ

11. Dysgraphia ہے

(1) حسابی کمزوری (2) پڑھنے کی کمزوری (3) لکھنے کی کمزوری (4) بات چیت کی کمزوری

12. "بچے کی فطری طور پر متلاشی ہوتے ہیں" یہ اکتساب کا فلسفہ ہے

(1) کھوج پر مبنی اکتساب inquiry based learning (2) سروے پر مبنی اکتساب survey based learning

(3) مشاہداتی اکتساب observational learning (4) انٹرویو interview

13. استاد کا تمام بچوں کو ساتھ لے کر فارم کو جانا اور " مچھلی پالن " کے مختلف مراحل کا مطالعہ کرنا۔ اکتساب کے اس طریقہ کی نشاندہی کرتا ہے۔

(1) پروجیکٹ کا طریقہ (2) مشاہداتی طریقہ (3) انکشافی طریقہ (4) سروے کا طریقہ

14. یہ ایک روایتی طریقہ تدریس ہے جس میں معلم طئے کرتا ہے کہ کیا مواد پڑھایا جائے اور کس طرح پڑھایا جائے

(1) جمہوری قسم (2) آمرانہ قسم (3) خودکار قسم (4) دورخی

15. تربیت کے ذریعہ "رویے" میں ہونے والی مستقل تبدیلی ہے۔
(1) تدریس (2) اکتساب (3) رجحان (4) مشاہدہ

16. PWD Act 1995 سے مراد
(1) people with difficulty (2) population with disability
(3) persons with disability (4) population with differences

17. ذیل میں سے ایک متفاوت / مخلوط گروپ کی مثال نہیں ہے
(1) TOSS (2) TET (3) Adult education (4) primary school

18. برونر Bruner نے اس اکتسابی طریقے کو پیش کیا
(1) حرکی اکتساب motor learning (2) مسئلہ کا حل کا اکتساب problem solving learning
(3) ادراکی اکتساب perceptual learning (4) دریافت پر مبنی اکتساب discovery learning

19. یونٹ کا منصوبہ unit plan اس نظریہ سے لیا گیا ہے
(1) behaviourism (2) constructivism (3) Bruner (4) Gestalt

20. ایک صدر معلم یوم آزادی پروگرام کے متعلق اساتذہ کا اجلاس منعقد کر کے رائے لے کر پروگرام کو قطعیت دیتا ہے۔ یہ قیادت کہلاتی ہے
(1) آمرانہ قیادت (2) مجہول قیادت (3) جمہوری قیادت (4) عدم مداخلت قیادت

21. امتحانات اور جانچ سے متعلق ذیل میں ایک NCF 2005 کی رائے نہیں ہے۔
(1) امتحانات کے اوپن بک سسٹم کا نفاذ (2) زبانی امتحانات کے نظام کا خاتمہ
(3) مختصر مدتی امتحانات کا تسلسل (4) متعینہ وقت امتحانات کی ضرورت

22. کشیدگی کی صورتحال سے بچنے کیلئے ایک بالغ آدمی بچوں کی طرح روتا ہے۔ دفاعی میکانیت Defence Mechanism کا یہ طریقہ کہلاتا ہے۔
(1) منصوبہ کرنا projection (2) قابو پانے کا عمل repression
(3) واپسی / رجعت regression (4) تلافی compensation

23. ریاضی کا سیکھنا طبعیات کے عددی سوالات کو حل کرنے میں معاون ہوتا ہے
(1) دوجانبی اکتساب کی منتقلی bilateral transfer (2) صفر اکتساب zero transfer

(3) منفی اکتساب کی منتقلی negative transfer　(4) مثبت اکتساب کی منتقلی positive transfer

.24 وہ نفسیاتی مظہر جس میں نامکمل کام اعادہ بار بار ہوتا ہے بہ نسبت تکمیل شدہ کام کے

(1) Dejavu　(2) Zeigarnik effect　(3) forgetting　(4) mnemonic

.25 RTE-2009 کے مطابق یہ ادارہ ریاستی سطح پر نصاب کی تیاری اور جانچ کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

(1) SIET　(2) NCERT　(3) NCTE　(4) SCERT

.26 ایک پرائمری اسکول میں طلباء کی جملہ تعداد 155 ہے۔ RTE-2009 کے مطابق یہاں کتنے اساتذہ درکار ہوں گے۔

(1) صرف 05 اساتذہ　(2) 04 اساتذہ + ایک صدر مدرس

(3) 05 اساتذہ + ایک صدر مدرس　(4) صرف 03 اساتذہ + ایک صدر مدرس

.27 بچوں کے حقوق کے تحفظ کا دن ہے۔

(1) 20 اکٹوبر　(2) 8 اکٹوبر　(3) 14 نومبر　(4) 20 نومبر

.28 کمرۂ جماعت میں اقدار کی تعلیم value education کیلئے ذمہ دار ہے

(1) سائنس ٹیچر　(2) ریاضی ٹیچر　(3) زبان کے ٹیچر　(4) جسمانی تعلیم کے ٹیچر

.29 Cephalo Caudal نشو نما (بالیدگی) ظاہر کرتی ہے کہ نشو نما (بالیدگی) کا فروغ ہوتا ہے۔

(1) ناف سے سر تک　(2) پیر کے انگوٹھے سے ناف تک

(3) سر سے پیر کے انگوٹھے تک　(4) درمیانی حصّے سے دوسرے حصّوں تک

.30 اگر MA = CA تب IQ ہوگا؟

(1) 120　(2) 90　(3) 100　(4) 110

## LANGUAGE – I : URDU

31-36 دی گئی نظم پڑھ کر سوالات کے جوابات دیجئے۔

فقیرانہ آئے صدا کر چلے
میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے
شفا اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی
کہ مقدور تک تو دوا کر چلے

وہ کیا چیز ہے، اہ، جس کے لئے
ہر اک چیز سے دل اٹھا کر چلے
جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی
حق بندگی ہم ادا کر چلے
کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میر
جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے

31. 'دعا'، 'دوا' الفاظ کہلاتے ہیں۔

(1) ردیف (2) قافیہ (3) مطلع (4) مقطع

32. شاعر کی تقدیر میں کیا نہیں؟

(1) دوا (2) دعا (3) شفا (4) ادا

33. جبیں کے معنی

(1) رُخ (2) گال (3) پیشانی (4) ہونٹ

34. میرؔ نے کیسا مزاج پایا؟

(1) امیرانہ (2) فقیرانہ (3) رئیسانہ (4) درویشانہ

35. شاعر نے حق بندگی کس طرح ادا کیا؟

(1) صدا دیتے ہوئے (2) دوا دیتے ہوئے (3) سجدہ کرتے ہوئے (4) دعا کرتے ہوئے

36. 'جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے' اس شعر کا مصرعہ ہے۔

(1) مطلع کا (2) شاہ بیت کا (3) حسن مطلع کا (4) مقطع کا

42-37 دیئے گئے پیرا گراف کو پڑھ کر سوالات کے جوابات دیجئے۔

غالبؔ، ذوقؔ، مومنؔ اس پر آشوب دور کے شعراء ہیں جس میں ہنگامہ غدر نے رہی سہی شاہی بساط بھی اُلٹ کی تھی۔ ان شعرا کے لفظ لفظ میں سوز و گداز اور حروف حروف میں دردمندانہ کیفیت موجود ہے۔ جو بات کہتے ہیں دل سے نکلی ہوئی ہے اور اثر میں ڈوبی ہوئی ہے۔ ان کا عشق سچا ہے، ان کا معشوق حسن ہے، کوئی حسین نہیں۔ تعریف حسن کی ہے کسی حسین کی نہیں۔ غرض یہ کہ عشق و حسن کے ظاہری لوازمات پر ین کی نظر نہیں ٹھرتی۔ دہلی کے شعراء کے کلام میں داخلیت کا غلبہ بھرپور نظر آتا ہے۔ جذبات میں شدت اور روحانیت پائی جاتی ہے۔ زبان میں سادگی، متانت، اختصار، فارسی ترکیبیں اور شگفتگی بھی پائی جاتی ہے۔ دہلی میں شاعری اپنی مصنوعی حیثیت سے ایسی بینادوں پر کھڑی ہوتی ہے جو انسانی زندگی کے ساتھ ہمیشہ وابستہ اور قائم رہنے والی ہے۔ دبستان دہلی میں ایسی کیفیت ہے جو ہمیشہ لطف دینے والی، ہمیشہ قائم رہنے والی اور ہمیشہ نئے رنگ و روپ دینے کی ضرورت ہے۔ دہلی کا اس زمانے کا ماحول تغزل کے لئے بے حد موزوں تھا۔ دہلی کو پوری فضاء غزل کے نغموں سے گونج اٹھی اور اس دبستان شاعری میں داخلیت کا عنصر زیادہ ہے۔

37. دبستان دہلی کے ایک شاعر

(1) ناسخ (2) آتش (3) دبیر (4) مومن

38. دبستان دہلی میں اس بات کا عنصر زیادہ ہے۔

(1) داخلیت (2) خارجیت (3) حسیت (4) معنویت

39. 'بساط' کے لغوی معنی

(1) وساطت (2) انبساط (3) وسعت (4) چوسر اور شطرنج کا کپڑا یا تختہ

40. دبستان دہلی کی شاعری معنوی حیثیت سے ان بنیادوں پر کھڑی ہے۔

(1) انسانی زندگی کے ساتھ دیرپا قائم نہیں رہنے والی (2) انسانی زندگی کے ساتھ ہمیشہ وابستہ اور قائم رہنے والی

(3) غدر کے حالات پر ہی قائم رہنے والی (4) وقت اور حالات کے ساتھ بدلنے والی

41. غدر کے حالات اور دہلی کا زمانہ اس صنف کے لئے بہت موزوں تھا۔

(1) قصیدہ (2) غزل (3) مرثیہ (4) مثنوی

42. دبستان دہلی سے وابستہ شعراء کے کلام میں حرف حرف یہ کیفیت ملتی ہے۔

(1) عقیدت مندانہ کیفیت (2) رعب اور دبدبہ والی کیفیت (3) دردمندانہ کیفیت (4) غنائی کیفیت

43. صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

(1) مخدوم-عہد وفا (2) اختر الایمان-یادیں (3) حفیظ جالندھری-گل تر (4) فراق-سوز وساز

44. قصیدے کے اجزائے ترکیبی ہیں۔

(1) تشبیب، گریز، مدح، مدعا اور دعا (2) تشبیب، گریز، مدح، چہرہ (3) تشبیب، سراپا، رجز (4) رشبیب، گریز، آمد، چہرہ، سراپا

45. شاعر انقلاب شاعر فطرت شاعر شباب کے نام سے جانے جاتے ہیں۔

(1) فراق (2) حسرت (3) زہر (4) جوش

46. چاقو۔ ہتھوڑا۔ دانتی۔ کف گیر۔ چمچہ وغیرہ

(1) اسم کیفیت (2) اسم ظرف (3) اسم آلہ (4) اسم جمع

47. مثال: اگر احمد کتاب لایا ہوتا تو میں اسے پڑھ لیتا وہ ہے جس میں فعل کے ہونے کی شرط تمنا پائی جائے۔

(1) ماضی بعید (2) ماضی شرطیہ (3) ماضی شکیہ (4) ماضی مطلق

48. اس شعر میں کونسی صنعت پائی جاتی ہے۔

صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے

(1) تشبیہ (2) تضاد (3) استعارہ (4) تلمیح

49. "گھر سے نکلو جلدی جاؤ" اس جملے میں سے " ہے۔

(1) حرف عطف (2) حرف ربط (3) حرف تخصیص (4) حرف فجائیہ

50. سبق "دیا سلائی" ہے۔

(1) خط (2) نظم (3) انشائیہ (4) قصیدہ

51. حروف قمری کی نشاندہی کیجئے

(1) ڈاکر ذاکر حسین - چودہ کہانیاں

(2) شوکت تھانوی - چراغ تلے

(3) سر سید احمد خاں - غبارِ خاطر

(4) مشتاق احمد یوسفی - موج تبسم

52. حروف قمری کی نشاندہی کیجئے۔

(1) وڈرز (2) س ش ص ض (3) ط ظ ل ن (4) اب ج ح

53. مثنوی "مرغ اور صیاد" کس نے شاعر کا ہے۔

(1) حالیؔ (2) دیاشنکر نسیمؔ (3) مرزا غالبؔ (4) علامہ اقبال

54. شعری مجموعہ "تراشیدہ" کس شاعر ہے۔

(1) شاذ تمکنت (2) مخدوم محی الدینؔ (3) مرزا غالب (4) علامہ اقبال

55. ایک طالب علم الفاظ محاوروں اور ضرب المثل کا مفہوم سمجھتا ہو تو اردو تدریس کے اس ادا کی مقصد کی تکمیل ہوتی ہے۔

(1) ترکیب (2) معلومات (3) تفہیم (4) اطلاق

56. لنگوافون ہے۔

(1) مشاعروں کی سی ڈیز بتلانے والا آلہ (2) تلفظ درست کرنے کا آلہ

(3) عکس کو پردے پر بڑا کر کے دکھانے والا آلہ (4) پروگرام کو راست نشر کرنے والا آلہ

57. "معلومات کا باب الداخلہ" کہتے ہیں۔

(1) حواس (2) ذہن (3) کمپیوٹر (4) کتاب

58. اس طریقہ میں سب سے پہلے حروف تہجی کے نام سکھائے جاتے ہیں۔ اور پھر حروف کی شناخت کروائی جاتی ہے۔

(1) ابجدی طریقہ (2) صوتی طریقہ (3) موتیاتی طریقہ (4) اجزائی طریقہ

59. طلباء کو واقعات و مشاہدات فراہم کئے جاتے ہیں تاکہ وہ ان کے درمیان فرق و موازنہ کے ذریعے مماثلتوں اور فرق کو پہنچانیں اور اس ذریعے سے حقیقت تک پہنچنے میں کامیاب ہوں۔ تدریس کا یہ طریقہ کہلاتا ہے۔

(1) استخراجی طریقہ (2) استقرائی طریقہ (3) مسائلی طریقہ (4) ترجمہ کا طریقہ

60. ذیل میں سہ ابعادی آلہ تدریس کی مثال ہے

(1) چارٹ (2) تصاویر (3) ماڈل (4) گراف

## LANGUAGE II ENGLISH

61. The boy laughed at the beggar. The passive form of it is:
(1) The beggar was laughed at by the boy
(2) The beggar was laughed by the boy
(3) The beggar was being laughed at by the boy
(4) The beggar was being laughed by the boy

62. It interests me. This sentence can be rewritten as:
(1) I am interested in it
(2) I have been interested in it
(3) I will be interested in it
(4) I was interested in it

63. I said to him, "Why are you working so hard"?
It can be reported as
(1) I asked him way he had been working so hard
(2) I asked him why he was working so hard
(3) I asked him why was he working so hard
(4) I asked him why had he been working so hard

In his autobiography, he remembers his wife as an everyday heroine who epitomised selflessness and stood for the victory of mind over matter. He honoured this character of Indian women and dedicated a book, titled "Religion and Society" to them.

A dutiful teacher, a deeply spiritual thinker, an able policymaker, Radhakrishnan was every bit the visionary India needed. Nobel laureate C.V. Raman beautifully summed up his glorious life, "The frail body of Radhakrishnan enshrined a great spirit-a great spirit which we have learnt to revere and admire, even to worship"

64. How do great men affect the integration of mind, body and soul?
(1) Through freedom
(2) Through their wise words
(3) Through their message of peace and love
(4) Through their integration of body and mind

65. Mahatma Gandhi called himself the_______________ of Radhakrishnan.
(1) Teacher (2) Lord Krishna (3) Arjun (4) Friend

66. Radhakrishnan remembers his wife as _______________ in his autobiography.
(1) a mother (2) his inspiration (3) an everyday heroine (4) Indian woman

67. Name of the book written by Radhakrishnan that was dedicated to the selflessness of Indian women:
(1) Indian Women (2) An Everyday Heroine
(3) Autobiography (4) Religion and Society

68. According to Gandhiji, what made his and the people admire Radhakrishnan ?
(1) his policies (2) frail body (3) a great spirit (4) his vision

69. Identify the complex sentence from the following
(1) We read books but they watch T.V.
(2) If you search for it in the school, you will get it.
(3) You go there or they will not give you.
(4) She is not only good in English but also good at Maths

70. He woke up to hear the sound of bells....... in the distance.
Choose the right option to fil in the blank.
(1) clanging (2) banging (3) buzzing (4) whistling

71. Identify the phrase containing Noun + Noun.
(1) strong light (2) shed light (3) a light source (4) a ray of light

72. John hates women. He is a
(1) Misogynist (2) Polyglot (3) Prodigy (4) mercenary

73. There's Use in complaining. They won't do anything about it.
Choose the correct answer:
(1) a little (2) little (3) a few (4) few

74. Ramesh has two brothers, but he doesn't speak to of them.
Choose the correct answer:
(1) either (2) neither (3) both (4) any

75. What was in the box?
Choose the correct answer to complete the sentence:
(1) you did think (2) you had thought (3) did you think that (4) did you think

76. I am annoyed ____________ him ________ what he has done to us.
Choose the correct answer to complete the sentence:
(1) with, for (2) for, with (3) with, from (4) for, from

77. The expression 'to turn over a new leaf means:
(1) To change one's behaviour for the better
(2) To take a decision
(3) To read something carefully
(4) To be cautious

78. He eats __________________banana every morning.
(1) a (2) the (3) any (4) an

79. Tomorrow, there is a meeting in our school. Come early, _________?
(1) do you (2) don't you (3) will you (4) won't you

80. Identify the correct question. grammatically
(1) What height is Mount Everest? (2) How tail is Mount Everest?
(3) How much height is Mount Everest" (4) How high is Mount Everest?

81. Choose the correct word to fill in the blank in the sentence.
Copper is _____________useful metal.
(1) a (2) an (3) the (4) any

82. I like singing.
In the above sentence, 'singing' is:
(1) a present participle (2) a gerund
(3) a past participle (4) a model verb

83. Sindhu said to Ganesh, "Are you fine?"
The conjunction that can be used to change this sentence into indirect speech is:
(1) whether (2) that (3) who (4) when

84. Choose the correct 'Yes / No' question.
(1) Does he reads novels? (2) Are you read novels?
(3) Won't you come here? (4) Do you are a student?

85. It's time you ............... to bed. go Choose the correct verb that fits the context.
(1) went (2) will (3) go (4) had gone

86. The General Service List of English words (GSL) is associated with:
(1) Bilingual method (2) Grammar translation method
(3) Dr. West's new method (4) Direct method

87. The process of determining the changes in behaviour through instruction is :
(1) Test (2) Evaluation (3) Measurement (4) Assessment

88. Remedial teaching is
(1) nothing but re-teaching.
(2) something where achievement is expected to be very low.
(3) need not be highly specific and need based.
(4) more like a crash course.

89. Listening to public speeches belongs to
(1) Focused listening (2) Gist listening
(3) Appreciative listening (4) Casual listening

90. One of the following helps us to get a bird's eye view of the book. Identify it.
(1) Jacket (2) Front page (3) Blurb (4) The preface

.91 اگر $(-2)^{x+1} \times (-2)^{7} = (-2)^{12}$ ہو تو $x$ کی قدر ہو گی

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) 4

.92 دو اعداد کا حاصل ضرب 360 ہے اگر ع۔و۔م۔9 ہو تو ذ۔و۔م۔LCM ہو گا

(1) 9 (2) 40 (3) 80 (4) 99

.93 ذیل میں کونسا عدد 4 سے تقسیم ہو تا ہے۔

(1) 3212 (2) 2123 (3) 567 (4) 3051

.94 لکشمی ہر ماہ 42000 کماتی ہے اور 28000 خرچ کرتی ہے بچت اور خرچ کی نست ہو گی

(1) 1 : 2 (2) 1 : 3 (3) 2 : 1 (4) 3 : 1

.95 ذیل میں کونسے اعداد تناسب میں ہیں

(1) 1, 2, 3, 4 (2) 3, 4, 5, 6 (3) 3, 4, 6, 8 (4) 1, 4, 6, 8

.96 ایک مدرسہ میں بارش کی وجہ سے 150 طلباء میں سے 24 طلباء غیر حاضر ہوتے ہیں کتنے فیصد طلباء اسکول سے غیر حاضر رہے

(1) 15 (2) 16 (3) 17 (4) 18

.97 اگر $A \cup (B \cup C) = (A \cup B) \cup C$ سٹ کی خاصیت ہو گی

(1) بند شی (2) تقیلی (3) تلازی (4) تقیمی

.98 اگر $A = \{1, 2, 3, 4\}$ اور $B = \{2, 3\}$ تب A, B کا سٹ کہلاتا ہے

(1) عام سٹ (2) لامتاہی (3) متاہی (4) تحت

.99 کونسے اعداد فیثا غورث مثلث کے اضلاع میں

(1) 3, 4, 5 (2) 5, 6, 7 (3) 7, 8, 9 (4) 3, 6, 9

.100 ایک مربع کا رقبہ 4489 مربع سمر ہے تب ضلع

(1) 47 (2) 57 (3) 67 (4) 81

.101 ایک عدد سے دوسرا عدد 5 زائد ہے اور دو اعداد کا مجموعہ 29 ہے اعداد ہونگے

(1) 5 (2) 12 (3) 17 (4) 22

.102 $\frac{x}{3} - \frac{x}{4} = 14$ تب $x$ کی قدر ہو گی

(1) 250 (2) 168 (3) 312 (4) 140

.103 اگر سلسلہ G.P. میں ہو تو $n^{th}$ رکن معلوم کرنے کا ضابطہ

(1) $a+(n-1)d$ (2) $ar^{n-1}$ (3) $a+d$ (4) $a+r$

.104 گھڑی میں 4 بج رہے ہو تب دو کانٹوں سے بننے ولا زاویہ

(1) $60°$ (2) $90°$ (3) $120°$ (4) $150°$

.105 مثلث $ABC$ میں $DB = 6$ cm، $AD = 5$ cm، تب $AE$ کتنا ہو گا

(1) 8 cm (2) 4 cm (3) 6 cm (4) 5 cm

.106 مثلث مشابہہ ہونے کے لئے خصوصیات

(1) AAA (2) SAS (3) SSC (4) تمام

.107 اگر قوس کے مقابل مرکز پر بننے والا زاویہ $50°$ ہو تو مرکز کے مقابل محیط پر بننے والا زاویہ

(1) 100 (2) 200 (3) 150 (4) $50°$

.108 ایک منحرف $ABCD$ میں $\overline{AB} \parallel \overline{CD}$ اگر $\angle A = \angle B = 30°$ دوسرے زاویوں کی پیائش ہو گی

(1) $30°, 30°$ (2) $150°, 150°$ (3) 100, 100 (4) 90, 90

.109 ایک مستطیل کا رقبہ 1125 مربع سمر ہے اگر اسکا عرض 25 سمر ہو تو طول ہو گا

(1) 25 (2) 35 (3) 45 (4) 125

.110 دائرہ کا نعف قطر 35 سمر ہو تب محیط ہو گا

(1) 35 (2) 70 (3) 110 (4) 220

.111 کم تر یکجائی تعداد یہ معلوم کرنے کے لئے استعمال ہو تا ہے۔

(1) اوسط (2) وسطانیہ (3) بہتانیہ (4) کوئی بھی نہیں

.112 $\dfrac{\cos 45°}{\sec 30° + \cos ec 60°}$ کی قدر

(1) $\sqrt{2}$ (2) $\sqrt{3}$ (3) 2 (4) 3

.113 $(\sin\theta+\cos\theta)^2+(\sin\theta-\cos\theta)^2$ کی قدر

(1) $\sin\theta+\cos\theta$ (2) $\sin\theta\cos\theta$ (3) $4\sin\theta\cos\theta$ (4) $\sin\theta$

.114 ایک مینار زمین پر انتصباہے اس کے قدم سے 15 میٹر کی دوری ہر ایک نقط سے مینار کے بالائی کا زاویہ فراز $45°$ ہے۔ مینار کی بلندی

(1) $45°$ (2) 35 (3) 25 (4) 15 m

.115 ریاضی کی تدریس میں ذیل کا کونسا طریقہ بہت اہم اور کار آمد ہے

(1) بحث ومباحثہ (2) لکچر (3) تاریخی (4) استخراجی

.116 مدرسہ میں موجود ریاضی لائبریری کی نگرانی کرتے ہیں

(1) ریاضی سے دلچسپی رکھنے والے معلم (2) صدر مدرس

(3) ریاضی کے معلم (4) لائبریری انچارج

117. ایک سے زائد انتخاب کے سوالات(MCQ) کی مثال ہے

(1) دوہرانا (2) شناخت (3) دوسرے (4) مختصر سوالات

118. ریاضی کے کٹ میں رکھے ہوے طالب علم کے لئے domino cards استعمال ہوتے ہیں

(1) اعداد لکھنے کے لئے (2) حزب دینے کیلیئے (3) متوازی خطوط کیلیئے (4) جمع وتفریق

119. ریاضی ایک اہم مضمون ہے اور دلچسپ مضمون ہے طالب علم کو کون سمجھائے گا

(1) اولیاء (2) کلاس ٹیچر (3) ریاضی کے معلم (4) صدر مدرس

120. مضمون تدریسی کے لئے ضروری ہے

(1) یونٹ کا کنٹرول (2) تدریسی تسلسل (3) طریقہ اور طریقہ کار (4) ضروری اشیاء

121. گاڑیوں سے خارج ہونے والے دھویں میں ان میں سے کونسی شئے نہیں پائی جاتی

(1) $SO_2$ (2) $CO_2$ (3) CO (4) $N_2O$

122. اسراع کی اکائی SI نظام میں

(1) m/sec (2) m/sec$^2$ (3) m-sec (4) m-sec$^2$

123. اگر کسی شئے کو مقعر آئینے کے سامنے ماسکی طول کم فاصلہ پر رکھا جائے

(1) حاصل ہونے والا خیال حقیقی، چھوٹا اور الٹا ہوتا ہے (2) حاصل ہونے والا خیال مجازی، سیدھا اور بڑا ہوتا ہے

(3) حاصل ہونے والا خیال حقیقی، بڑا اور الٹا ہوتا ہے (4) حاصل ہونے والا خیال مجازی، چھوٹا اور سیدھا ہوتا ہے

124. سراب کے بننے کی وجہہ ہے

(1) بصری ہیجان (2) انعطاف (3) کلی ڈاخلی انعکاس (4) انعکاس

125. 10ڈسیبل آواز سے 20ڈسیبل آواز کتنے گنا زیادہ ہوتی ہے

(1) 2 گنا (2) 4 گنا (3) 10 گنا (4) 100 گنا

126. 71 گرام کلورین گیس کا حجم

(1) 22.4لیٹر (2) 44.8لیٹر (3) 11.2لیٹر (4) 33.6لیٹر

127. C–C بند کی توانائی

(1) 60 کلو گرام (2) 70 کلو گرام (3) 80 کلو گرام (4) 90 کلو گرام


128. ہوا کو غیر موجودگی میں جلانے کا عمل کہلاتا ہے

(1) بھوننا (2) پگھلانا (3) کشتہ سازی (4) احتراق

129. مندرجہ ذیل میں کس خول میں الکٹران پہلے داخل ہوگا؟

(1) 4s (2) 3p (3) 2d (4) 2f

130. شکل میں دی گئی مزاہمت ہوتی ہے۔




(1) $\frac{1}{2}$ (2) $\frac{1}{3}$ (3) $\frac{1}{4}$ (4) $\frac{1}{6}$

131. مندرجہ ذیل میں چند اشیاء کی پی ایچ قدر دی گئی ہے تب ین میں طاقتور شئے کی شناقت کیجئے

(I) $w$ کی pH قدر 7 ہے (II) $h$ کی pH قدر 6 ہے (III) $y$ کی pH قدر 3 ہے (IV) $z$ کی pH قدر 9 ہے

(1) $x$ (2) $y$ (3) $w$ (4) $z$

132. مندرجہ ذیل میں روانی توانائی پر اثر انداز ہونے والا عوامل نہیں

(1) حجابی اثر (2) آربیٹل کی پیوسگی طاقت (3) بندشی توانائی (4) جوہری نصف قطر

133. قلیل مدت فصلوں کی صحیح جوڑ بتائے

(1) جوار–مونگ (2) مونگ–ماش (3) ماش–توڑ (4) توڑ–جوار

134. ان میں صحیح غذائی زنجیر ہے۔۔۔

(1) حشرات---پودے---خرگوش---ہرن
(2) خرگوش---پودے---ہرن۔۔۔۔لومڑی
(3) گاجر۔۔۔خرگوش۔۔۔۔گائے۔۔۔شیر
(4) چھوٹے حشرات۔۔۔مینڈک۔۔۔سانپ۔۔۔موڑ

135. جب پودوں کو سائے میں اگایا جاتا ہے تب وہ روشنی کی جانب جھک کر بڑھنے لگتے ہیں۔ یہ اس وجہ سے ہوتا ہے

(1) گبرلین (2) آکزن (3) سائٹوکائنین (4) ایبسیسک ایسڈ

136. دستورالعمل کے پھول میں زر ریشے اور ثمر برگ کی تعداد ہوگی۔

(1)زرریشے۔3 ' ثمر برگ۔4　(2)زرریشے۔4 ' ثمر برگ۔2

(3) زرریشے۔2 ' ثمر برگ3۔　(4) زرریشے۔5۔' ثمر برگ۔1

137. شہد حاصل کرنے کے لئے چیونٹیاں اپنے سات اس کیڑے کو رکھتی ہیں۔

(1)ملاڈ س　(2) شہد کی مکھی　(3) سیاہی چیونٹی　(4) کارکن مکھی۔

138. اوپری جبڑے اور سر کے درمیان یہ جوڑ پایا جاتا ہے۔

(1)قبضہ دار جوڑ　(2)فکسڈ جوائنٹ　(3) مخصوص جوڑ　(4) بااور ساکٹ جوڑ

139. ذیل میں یہ حصہ ذائقہ حساس نہیں ہوتا ہے۔

(1)فوجی فارم　۔(2)شرکت والیٹ　(3) فویبیٹ　(4) فیلی فارم

140. کوپ لینڈ کے ذریعے کی گئی جاندار اجسام کی درجہ بندی میں اس کنگڈم کا ذکر نہیں ہے

(1)مونیرا　(2)پلانٹی۔　(3) فنجی　(4) اینیمالیہ

141. مچھلی تالاب کے اس حصہ میں انڈے دیتی ہے۔

(1) تالاب کی سطح پر　(2) تالاب کی سطح کے اوپر۔　(3) تالاب کے کناروں پر۔　(4) تالاب کی تہہ میں

142. لائکن ان کی کالونی ہے۔۔۔۔۔۔۔

(1)بیکٹیریا اور فنجی　(2) الجی اور فنجی۔　(3) وائرس اور الجی۔　(4) بیکٹیریا اور وائرس۔

143. ایچ آئی وی اس طرح سے پھیلتا ہے۔

ا۔خون۔　۲۔بیت الخلا　۳۔مچھر۔　۴۔ منورہ

(1) ۱اور۲۔　(2) ۲اور۳۔　(3) ۱اور۴۔　(4) ۳اور۴

144. صحیح جوڑ کا انتخاب کیجئے۔

(1)ڈھانچہ عضلات۔۔غیر دھاری دار عضلات　(2) نرم عضلات۔غیر دھاری دار عضلات

(3) قلبی عضلات۔خود کار عضلات　(4) خود کار عضلات۔۔غیر دھاری دار عضلات

145. تشکیلی تشخیص اور دوران انجام دی جاتی ہے۔

(1)تدریس کے شروع ہونے سے پہلے　(2)تدریس کے دوران۔

(3) مدت کے اختتام پر (4) نصاب میں داخلے پہلے

146. وہ سائنسدان جس نے بجلی چمکنے کے دوران برق کو دریافت کیا۔

(1) بینجامن فرینکلن۔ (2) لگوانی۔ (3) آندرے ایمپریس (4) جارج اوم

147. 'ہم کیوں پڑھاتے ہیں' نصاب کا وہ جز جو اس پر زور دیتا ہے۔

(1) مقاصد (2) اکتسابی تجربات۔ (3) تدریسی اکتسابی مواد۔ (4) تدریسی نقطہ نظر

148. کمرہ جماعت میں استاد کے ذریعے استعمال ہونے والے چارٹ پر حروف کی جسامت ہونی چاہئے (سنٹی میٹر میں)۔

(1) 1 تا 3 (2) 2 تا 4 (3) 3 تا 4 (4) 5 تا 10

149. مندرجہ ذیل کے لئے جان ڈیوی کے پیراگرامائیزم کی بنیاد ہے۔

(1) بحث وہ مباحثہ کا طریقہ۔ (2) پروجیکٹ طریقہ۔ (3) لکچر مظاہرہ طریقہ۔ (4) لیکچر طریقہ۔

150. کسی امتحان کی درستگی اور کارکردگی کو ان مخصوص خصوصیات کے ذریعے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

(1) قابل اعتماد (2) جامعیت (3) جواز (4) تشریح